طویل فہرست ہے جس میں ہر چیز کی پروٹین، چربی، کاربوہائیڈریٹ، حرارے، اور حیاتین کی تفصیل دی گئی ہے
یورپین زبانوں میں غذاؤں پر سینکڑوں کتابیں ہیں مگر اردو میں غالباً اس موضوع پر یہ کتاب اپنی نوعیت کی
پہلی ہی کتاب ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

انشائے داغ | تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۲ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ:۔
انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی۔

یہ نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے ان خطوط کا مجموعہ ہے جو مرحوم نے اپنے دوستوں، عزیزوں، شاگردوں اور بعض نوابوں وغیرہم کے نام لکھے تھے۔ مرزا داغ کے تلمیذ رشید سید علی احسن صاحب احسن مارہروی نے ان خطوط کو سلیقہ سے مرتب کیا ہے اور جا بجا ان پر حواشی لکھے ہیں۔ شروع میں موصوف کے ہی قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں حضرت داغ کی انشا اور ان کے خطوط کی خصوصیات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ فاضل مقدمہ نگار نے خواتین کے نام کے خطوط کے سلسلہ میں اپنے استاد کی پوزیشن صاف کرنے کے لئے خواہ مخواہ مولانا شبلی کو مرزا داغ کے پہلو میں لا بٹھایا ہے۔ حالانکہ ان دونوں کے خطوط میں وہی فرق ہے جو ان خطوط کے "مکتوب الیہن" میں ان کی حیثیت عرفی کے لحاظ سے ہے۔ خطوط میں بحیثیت مجموعی کوئی خاص ادبی خوبی تو ہے نہیں۔ تاہم اس حیثیت سے اردو ادب کے سرمایہ میں قابلِ قدر اضافہ ہیں کہ اردو زبان کے ایک مشہور اور بلند پایہ شاعر کے لکھے یا لکھوائے ہوئے ہیں۔

شیخ و برہمن | از جناب اعظم صاحب کریوی۔ تقطیع جیبی ضخامت ۲۱۸ صفحات۔ کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔ قیمت مجلد دو روپیہ۔ پتہ:۔ دانش محل امین آباد پارک لکھنؤ۔

ڈاکٹر اعظم صاحب کریوی اردو زبان کے مشہور اور کامیاب افسانہ نگار ہیں۔ آپ کے افسانے عموماً ہندوستانی معاشرت یہاں کے رسوم و رواج اور دیہاتی زندگی سے متعلق ہوتے ہیں۔ اردو کے ساتھ ہلکے ہلکے ہندی لفظوں اور کہیں کہیں جملوں کی ملاوٹ زبان و اندازِ بیان میں ایک خاص قسم کی شیرینی اور